پرچہ نمبر ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف تنظیم المدارس (أہل السنۃ) باکستان

شہادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والإسلامیۃ "السنۃ الثانیۃ" للطالبات الموافق سنۃ ۱۴۳۸ھ/2017ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات	الورقۃ الأولی: لصحیح البخاری	مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر ۱ لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ ﷺ وقول اللہ عز وجل انا اوحینا الیک کما اوحینا الی نوح والنبیین من بعدہ ـــــ سمعت رسول اللہ ﷺ یقول انما الاعمال بالنیات وانما لامرئ ما نوی فمن کانت ھجرتہ الی دنیا یصیبھا او الی امرأۃ ینکحھا فھجرتہ الی ما ھاجر الیہ

(الف) مذکورہ عبارت کا اردو میں ترجمہ کریں اور تشریح وتوضیح سپرد قلم کریں۔ نیز نیت اور ہجرت کا لغوی واصطلاحی معنی تحریر کریں۔ ۵+۵+۵+۵=۲۰

(ب) امام بخاری نے اپنی کتاب کو حدیث (کل امر ذی بال الحدیث) کے مطابق حمد سے شروع کیوں نہیں کیا؟ کوئی دو وجوہات لکھیں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

سوال نمبر 2: عن ابن عباس قال قال النبی ﷺ لیس لنا مثل السوء الذی یعود فی ھبتہ کالکلب یرجع فی قیئہ

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) ہبہ میں رجوع کا حکم دلائل کی روشنی میں سپرد قلم کریں۔ نیز خط کشیدہ عبارت میں وجہ تشبیہ بیان کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

سوال نمبر 3: باب خاتم النبیین ـــــ عن جابر بن عبد اللہ قال قال النبی ﷺ مثلی ومثل الانبیاء کمثل رجل بنی دارا فاکملھا واحسنھا الا موضع لبنۃ فجعل الناس یدخلونھا ویتعجبون ویقولون لولا موضع اللبنۃ

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں۔ نیز حدیث کا باب کے ساتھ تعلق بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) اللبنۃ کا معنی بیان کریں نیز لولا موضع اللبنۃ کے معنی میں کتنے اور کون کون سے احتمالات ہیں؟ ہر احتمال کے مطابق عبارت واضح کریں۔ ۵+۱۵=۲۰

سوال نمبر 4: (الف) انشقاق قمر کا واقعہ تفصیلا سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(ب) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے مناقب پر بخاری شریف میں مذکور کوئی دو دو احادیث مبارکہ لکھیں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

پرچہ نمبر 2

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف تنظیم المدارس اهل السنة پاکستان

شهادة العالمیة فی العلوم العربیة والإسلامیة "السنة الثانیة" للطالبات الموافق سنة ۱۴۳۸ھ/2017ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات — الورقة الثانية: لصحيح مسلم — مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر ۱ لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: عن جابر قال قال النبی ﷺ ان ابراهیم حرم مکة و انی حرمت المدینة ما بین لابتیها لا یقطع عضاهها و لا یصاد صیدها

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں نیز مدینہ شریف کے شکار کے حرام وحلال ہونے کے بارے میں اختلاف ائمہ نقل کریں۔ ۵+۱۵=۲۰

(ب) مدینہ شریف کی فضیلت پر ایک مدلل اور جامع مضمون زینت قرطاس کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 2: عن ابی هریرة رضی الله عنه ان النبی ﷺ قال لا یزنی الزانی حین یزنی وهو مؤمن ولا یسرق حین یسرق وهو مؤمن ولا یشرب الخمر حین یشربها وهو مؤمن والتوبة معروضة بعد۔

(الف) حدیث شریف کا اردو میں ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) حدیث شریف سے بظاہر ثابت ہو رہا ہے کہ مذکورہ گناہوں کو کرنے والا مومن نہیں رہتا۔ آپ اس کا کیا جواب دیں گی؟ مدلل تحریر کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 3: عن ام سلمة ان رسول الله ﷺ لما تزوج ام سلمة اقام عندها ثلاثا و قال انه لیس بک علی اهلک هوان ان شئت سبعت لک و ان سبعت لک سبعت لنسائی

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) شب زفاف کے بعد مرد (جس کی پہلے بھی بیوی موجود ہو) اپنی نئی دلہن کے ساتھ کتنے دن رہ سکتا ہے؟ باکرہ و ثیبہ دلہن کے بارے میں ائمہ کا اختلاف فرق ہو تو اس کی وضاحت کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

سوال نمبر 4: عن ابن عمر ان رجلا لاعن امرأته علی عهد رسول الله ﷺ ففرق رسول الله ﷺ بینهما و الحق الولد بامه۔

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) لعان کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں نیز لعان کا طریقہ سپرد قلم کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

پرچہ نمبر 3

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف تنظیم المدارس اہل السنۃ پاکستان

شہادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والإسلامیۃ "السنۃ الثانیۃ" للطالبات الموافق سنۃ ۱۴۳۸ھ/2017ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقۃ الثالثۃ: لجامع الترمذی** | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: حدثنا احمد بن منیع ثنا اسماعیل بن ابراہیم ثنا ابن جریج عن عبد اللہ بن عبید بن عمیر عن ابن ابی عمار قال قلت لجابر الضبع أصید ھی قال نعم قلت اٰکلھا قال نعم قلت أقالہ رسول اللہ ﷺ قال نعم۔

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں اور حدثنا اور اخبرنا میں فرق کی وضاحت کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) بجو کی حلت و حرمت کے بارے اختلاف ائمہ مع الدلائل تحریر کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 2: عن ابی موسیٰ عن النبی ﷺ قال کمل من الرجال کثیر ولم یکمل من النساء الا مریم بنت عمران وآسیۃ امرأۃ فرعون وفضل عائشۃ علی النساء کفضل الثرید علی سائر الطعام۔

(الف) حدیث مذکور کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) حدیث شریف میں ثرید کے ساتھ مثال دینے کی وجوہات سپرد قلم کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 3: عن انس رضی اللہ عنہ ان النبی ﷺ نھی ان یشرب الرجل قائما فقیل الأکل قال ذاک اشد۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) کیا حدیث مذکور میں نہی تحریم کیلئے ہے؟ آپ اس کا کیا جواب دیں گی تفصیلا جواب مطلوب ہے۔ ۲۰

سوال نمبر 4: عن سلمان قال قرأت فی التوراۃ ان برکۃ الطعام الوضوء بعدہ فذکرت ذلک للنبی ﷺ واخبرتہ بما قرأت فی التوراۃ فقال رسول اللہ ﷺ برکۃ الطعام الوضوء قبلہ والوضوء بعدہ۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) حدیث مذکور میں لفظ وضوء سے کیا مراد ہے؟ نیز اس کے فوائد سپرد قلم کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف تنظیم المدارس أہل السنۃ پاکستان

شہادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والإسلامیۃ "السنۃ الثانیۃ" للطالبات الموافق سنۃ ۱۴۳۸ھ/2017ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقۃ الرابعۃ: لسنن أبی داؤد | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 4 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ قال علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ حفظت عن رسول اللہ ﷺ لا یتم بعد الاحتلام ولا صمات یوم الی اللیل

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغہ بتائیں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) حدیث شریف کی تشریح و توضیح سپرد قلم کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 2: عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ یمینک علی ما یصدقک علیہا صاحبک

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں اور صاحب کتاب کا نام تحریر کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) حدیث شریف کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مفہوم واضح ہو جائے۔ نیز کفارۂ یمین ذکر کریں۔ ۲۰=۱۰+۱۰

سوال نمبر 3: ان ابا ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ یتقارب الزمان وینقص العلم وتظہر الفتن ویلقی الشح ویکثر الہرج قیل یا رسول اللہ ﷺ ایم ہو؟ قال القتل القتل۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) حدیث شریف میں مذکورہ صرف خط کشیدہ فتنوں کی وضاحت کریں۔ ۲۰=۱۰+۱۰

سوال نمبر 4: عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ افترقت الیہود علی احدی او ثنتین و سبعین فرقۃ وتفرقت النصاری علی احدی او ثنتین و سبعین فرقۃ وتفترق امتی علی ثلث و سبعین فرقۃ

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۲۰=۱۰+۱۰

(ب) "تفترق امتی" سے فقہ کے فروعات میں اختلاف کرنے والے گروہ مراد ہیں یا کوئی اور؟ اپنا موقف تفصیلاً سپرد قلم کریں۔ ۲۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرچہ نمبر 5

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف تنظیم المدارس اہل السنۃ پاکستان

شہادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ و الإسلامیۃ "السنۃ الثانیۃ" للطالبات الموافق سنۃ ۱۴۳۸ھ/2017ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقۃ الخامسۃ: السنن النسائی و سنن ابن ماجہ | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ۔۔۔ سنن نسائی

سوال نمبر 1:۔ عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ ﷺ قال ثلاثۃ حق علی اللہ عز و جل عونہم المکاتب الذی یرید الاداء و الناکح الذی یرید العفاف و المجاھد فی سبیل اللہ۔

(الف) حدیث رسول کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغے بتائیں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) احادیث طیبہ کی روشنی میں موجودہ بے راہ روی کو روکنے کے لیے نکاح کی اہمیت و ضرورت پر مضمون قلمبند کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 2:۔ عن عمران بن حصین ان رسول اللہ ﷺ قال لا جلب و لا جنب و لا شغار فی الاسلام و من انتہب نہبۃ فلیس منا

(الف) حدیث شریف کا اردو میں ترجمہ کریں نیز جلب کا مفہوم واضح کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) شغار کا لغوی و اصطلاحی معنی اور اسکا حکم سپرد قلم کریں۔ ۵+۵+۵=۱۵

سوال نمبر 3:۔ عن عبد اللہ قال لعن رسول اللہ ﷺ الواشمات و المتفلجات و المتنمصات المغیرات خلق اللہ عز و جل

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر اس کا ترجمہ کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) حدیث شریف میں مذکور تینوں اقسام کی تشریح و توضیح اور ان کا حکم تحریر کریں۔ ۵+۵+۵=۱۵

حصہ دوم ۔۔۔ سنن ابن ماجہ

سوال نمبر 4:۔ عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ تعلموا القرآن و اقرأوہ و ارقدوا فان مثل القرآن و من تعلمہ فقام بہ کمثل جراب محشو مسکا یفوح ریحہ کل مکان و مثل من تعلمہ فرقد و ہو فی جوفہ کمثل جراب اوکی علی مسک

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) "وارقدوا" کے شروع میں واؤ کس کے معنی میں ہے یا جمع کے معنی میں؟ دونوں صورتوں میں مفہوم سپرد قلم کریں۔ ۸+۷=۱۵

سوال نمبر 5:(الف) دعا کی فضیلت میں کوئی ایک حدیث شریف اور اسکا ترجمہ تحریر کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) "دعاء میں ہاتھوں کا اٹھانا کیسا ہے؟" آپ اسکا مدلل جواب قلمبند کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 6:۔ عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت سمعت رسول اللہ ﷺ یقول مروا بالمعروف و انھوا عن المنکر قبل ان تدعوا فلا یستجاب لکم

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں اور صاحب کتاب کا نام لکھیں۔ ۱۰

(ب) "امر بالمعروف اور نہی عن المنکر" کے عنوان پر ایک مدلل مضمون سپرد قلم کریں۔ ۱۵

ملحق نمبر 6

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف تنظیم المدارس أہل السنۃ باکستان

شہادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ و الإسلامیۃ "السنۃ الثانیۃ" للطالبات الموافق سنۃ ۱۴۳۸ھ/2017ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | الورقۃ السادسۃ: شرح معانی الآثار | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: قال ابو جعفر فذهب قوم الی هذه الآثار فاوجبوا الرفع عند الرکوع و عند الرفع من الرکوع و عند النهوض الی القیام من القعود فی الصلوۃ کلها و خالفهم فی ذلک آخرون فقالوا لا نری الرفع الا فی التکبیرۃ الاولی۔

(الف) عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۸+۸=۱۶

(ب) دونوں مذاہب کے دلائل دیں اور مسئلہ مذکورہ میں نظر طحاوی تحریر کریں۔ ۸+۸+۸=۲۴

سوال نمبر 2: عن ابی سلمۃ قال سألت عائشۃ عن صلوۃ رسول اللہ ﷺ باللیل فقالت کان یصلی ثلث عشرۃ رکعۃ یصلی ثمان رکعات ثم یصلی رکعتین و هو جالس فاذا اراد ان یرکع قام فرکع ثم یصلی رکعتین بین الاذان و الاقامۃ من صلوۃ الصبح۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) وتروں کے بارے میں امام طحاوی نے کتنے اور کون کونسے مذاہب بیان کیے ہیں؟ نیز مذکورہ حدیث کس مذہب کی دلیل ہے؟ ۲۰

سوال نمبر 3: عن ابن عمر انه طلق امرأته و هی حائض فسأل عمر النبی ﷺ فقال مرہ فلیراجعها ثم لیطلقها و هی طاهر او حامل

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ و تشریح کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) حائضہ عورت کو طلاق دینے کے بعد طلاق سنت دینے کا طریقہ کیا ہے؟ اس بارے میں اختلاف ائمہ لکھیں۔ ۲۰

سوال نمبر 4: ان ابا الصهباء قال لابن عباس أتعلم ان الثلاث کانت تجعل واحدۃ علی عهد رسول اللہ ﷺ و ابی بکر و ثلاثا من امارۃ عمر قال ابن عباس نعم۔

(الف) حدیث کا اردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغے بتائیں۔ =۱۰۲+۳

(ب) یک وقت دی گئی تین طلاقیں ایک طلاق شمار کی جائے گی یا تین؟ اس بارے احناف کا مذہب دلائل سے ثابت کریں نیز حدیث مذکور کا جواب بھی دیں۔ ۱۵+۵=۲۰